© rasailojaraid.com

**مدارس کے خلاف کارروائی سے قبل متعلقہ وفاق کواعتماد میں لیاجائے گا۔سندھ حکومت اور اتحاد تنظیمات مدارس میں اتفاق**

(پ ۔ر) سندھ حکومت اور اتحاد تنظیمات مدارس کے درمیان مدارس کے خلاف کارروائی سے قبل متعلقہ وفاق کو اعتماد میں لینے اور مدارس کی رجسٹریشن اور دیگر معاملات کوحل کرنے کے لیے 2010ء میں ہونے والے معاہدے کو قانونی شکل دینے پر اتفاق کرلیا گیا ہے۔ذرائع کے مطابق گذشتہ روز اتحاد تنظیمات مدارس کے جنرل سیکرٹری مفتی منیب الرحمٰن، قاری محمد حنیف جالندھری، مولانا امداد اللہ، مولانا راحت علی ہاشمی، مولانا حافظ محمد سلفی، قاضی احمد نورانی اور مولانا رفیع الرحمٰن نے وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے مذہبی امور ڈاکٹر عبدالقیوم سومرو اور دیگر حکومتی نمائندوں سے مذاکرات کیے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ مذاکرات کے دوران اتحاد تنظیمات اور حکومت کے درمیان اس بات پر اتفاق رائے پایا گیا کہ مدارس کے خلاف کارروائی سے قبل متعلقہ وفاق کواعتماد میں لیا جائے گا جب کہ فریقین نے اس امر پر بھی اتفاق کیا کہ 2010ء میں پیپلز پارٹی کی وفاقی حکومت کے دوران وفاقی وزیر داخلہ عبدالرحمٰن ملک کے ساتھ مذاکرات کے بعد طے پانے والے معاہدے کو سندھ حکومت قانونی شکل دے گی۔واضح رہے کہ 2010ء میں اتفاق رائے کے باوجود اس معاہدے کو قانونی شکل نہ دیے جانے کے باعث اس پر عمل درآمد نہیں ہوسکا تھا۔اب اس معاہدے کو قانونی شکل دینے کے لیے اتحاد تنظیمات المدارس اور وزارت مذہبی امور کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی بنائی جائے گی۔ 2010ء کے معاہدے کے تحت مدارس کے خلاف شکایات کی صورت میں کسی بھی کارروائی سے قبل متعلقہ وفاق کواعتماد میں لیا جائے گا جبکہ معاہدے کے مطابق مدرسہ کا اطلاق صرف اس ادارے پر ہوگا جہاں رہائشی طلبہ قیام پذیر ہوں اور درس نظامی کی تعلیم دی جاتی ہو۔مکاتب قرآنیہ سمیت صرف تحفیظ القرآن کی تعلیم دینے والے اداروں پر مدرسہ کا اطلاق نہیں ہوگا اور ان کے لیے رجسٹریشن لازمی نہیں ہوگی، مذاکرات کے دوران اتحاد تنظیمات المدارس کی جانب سے دینی مدارس کو ہراساں کیے جانے کی شکایات پر حکومتی نمائندوں نے موقع پر موجود ایڈیشنل آئی جی اسپیشل برانچ کو مدارس انتظامیہ کی شکایات کے خاتمے کی ہدایات بھی جاری کیں۔

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com